# بیس دن کی سوچ

GATI AFROZ

(1) **اخلاص:** اخلاص کے ساتھ کیا ہوا چھوٹا عمل بھی بڑی اہمیت رکھتا ہے اور اللہ کے یہاں مقبول ہے ہمیں چاہیئے کہ اپنے عملوں کا جائزہ لیں اور ہر کام میں نیت صرف اللہ کو راضی کرنے کی ہونی چاہیئے۔

(2) **قرآن کے ساتھ تعلق:** ہم اپنے عمل کو قرآن کے مطابق اور ساتھ ہی قرآن کے باقی دوسرے حق انکو بھی ادا کرنا ہے اور اس کی تعلیم کو اپنے گھر اور دوسروں میں شیئر کرنا ہے۔

(3) **محبت پھیلانا ہے:** اس کے لیئے ہمیں شکوہ شکایات اور دلوں میں سے کدورت کا باہر نکالنا ہوگا اور یہ کہ اپنے اردگرد کے ماحول میں اچھا سلوک کرے جو بھی آپکی حیثیت ہے اس کے مطابق کچھ نہیں تو ایک مسکراہٹ ہی سہی وہ بھی صدقہ جاریہ ہے

(4) **آخرت کی تیاری:** دنیا میں رہنا ہے اور آخرت میں جینا ہے تو ہمیں اس دنیا میں ہی آخرت کے لیئے تیاری کرنی ہے اور ہر وقت یہ یاد رکھنا ہے کہ دنیا عارضی ہے اس میں دل نہیں لگانا ہے۔

(5) **میری وراثت:** میں اپنے پیچھے وہ عمل چھوڑنا چاہتی ہوں کہ جو میرے لیۓ صدقہ جاریہ بن جائیں

(6) **بہترین 10 دن ذوالحج:** اس میں ہم نے روزے بھی رکھے اور ذکر بھی کیا اور کوشش کی کہ زیادہ سے زیادہ نیک عمل کریں۔

(7) **ظلم اور زیادتی نہیں کرنا:** ظلم اور زیادتی صرف 4 محترم مہینوں میں نہیں کرنا بلکہ اپنی پوری زندگی کو ان محترم مہینے کی طرح گزارنا ہے اور برائی سے بچنا ہے۔

(8) **عشرہ ذوالحج:** کے ٹائم میں زیادہ نیک اعمال کرنا اور ہم نے اس کی کوشش بھی۔

(9) **صبر کرنا:** اپنی پریشانی اور بیماری میں صبر کرنا اور اللہ کے فیصلوں پر خوشنودی ظاہر کرنا ہے

(10) **ابوبکر صدیق رضی کا ایمان:** ہمیں بھی اپنے ایمان کی فکر کرنی چاہیئے کہ اس کا درجہ کیا ہے اور زیادہ سے زیادہ قرآن اور سنت کا مطالعہ کرنا ہے اس سے ایمان میں ایک حرارت پیدا ہوتی ہے